© rasailojaraid.com



ادارہ

مجلس احرار اسلام پاکستان کی سرگرمیاں

# اخبار الاحرار

## اقتدار کی راہداریوں میں چھپے قادیانی چوہے پاکستان کی بنیادیں کھوکھلی کررہے ہیں: (سید محمد کفیل بخاری)

لاہور (۲۶رمئی) مجلس احرار اسلام کے ڈپٹی سیکرٹری جنرل سید محمد کفیل بخاری نے کہا ہے کہ قادیانی یہود و نصاریٰ کے سیاسی ایجنٹ ہیں۔ قادیانی مذہب کا لبادہ اوڑھ کر مسلمانوں کو نقصان پہنچا رہے ہیں۔ ان کی پوری تاریخ منافقت، چاپلوسی، اسلام اور مسلمانوں سے غداری سے عبارت ہے۔ ان خیالات کا اظہار سید محمد کفیل بخاری نے انٹرنیشنل ختم نبوت موومنٹ کے زیر اہتمام ایوانِ اقبال لاہور میں منعقدہ عظیم الشان ''انٹرنیشنل ختم نبوت کانفرنس'' سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ کانفرنس کی صدارت سابق صدر جناب محمد رفیق تارڑ نے کی اور مہمانِ خصوصی مولانا ڈاکٹر سعید عنایت اللہ تھے۔ کانفرنس سے تمام مکاتبِ فکر اور تمام دینی جماعتوں کے نمائندوں نے خطاب کیا۔ سید محمد کفیل بخاری نے کہا کہ ڈاکٹر عبدالسلام قادیانی نے پاکستان کے ایٹمی راز امریکہ کو پہنچائے۔ اس بات کا انکشاف معروف صحافی زاہد ملک نے اپنی کتاب ''اسلامی بم'' میں سابق وزیر خارجہ صاحبزادہ محمد یعقوب کے حوالے سے کیا۔ سید کفیل بخاری نے کہا کہ علامہ اقبال نے قادیانیوں کو اسلام اور وطن کا غدار قرار دیا اور قادیانیت کو یہودیت کا چربہ کہا۔ انھوں نے کہا کہ جو لوگ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے وفادار نہیں، وہ مسلمانوں کے وفادار نہیں ہو سکتے۔ انھوں نے کہا کہ قادیانی پاکستان کی معیشت پر قبضہ کر کے بقول بھٹو مرحوم یہاں وہ مقام حاصل کرنا چاہتے ہیں جو امریکہ میں یہودیوں کو حاصل ہے۔ سید کفیل بخاری نے خبردار کیا کہ قادیانی پاکستان کے اقتدار پر شب خون مارنا چاہتے ہیں۔ حکمران ہوش کے ناخن لیں اور اقتدار کی راہداریوں میں چھپے ہوئے قادیانی چوہوں کا خاتمہ کر کے پاکستان کو بچائیں۔

## قادیانی پاکستان میں عجمی اسرائیل کے قیام کے لیے کوشاں ہیں: (سید محمد کفیل بخاری)

اوکاڑہ (یکم جون) مجلس احرار اسلام پاکستان کے ڈپٹی سیکرٹری جنرل سید محمد کفیل بخاری نے کہا ہے کہ حکومت قادیانیوں کی جماعتِ احمدیہ کو خلافِ قانون قرار دے۔ قادیانی ملک کے خلاف سازشوں میں مصروف ہیں۔ قادیانیوں نے پاکستان کے دفاعی راز امریکہ کو دیئے۔ پاکستان کے ایٹمی پروگرام کو غیر محفوظ کرنے کی ناپاک سازش کی اور ڈاکٹر عبدالقدیر کی کردار کشی کی۔ سید محمد کفیل بخاری اوکاڑہ میں مجلس احرار اسلام کے زیر اہتمام مختلف اجتماعات سے خطاب کررہے تھے۔ جامع مسجد عثمان، جندراکہ اور کوٹ سلطان میں علماء، طلباء، شہریوں اور احرار کارکنوں سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ حکمران قادیانیوں کو نکیل ڈالیں۔ ان کی وطن دشمن سرگرمیاں عروج پر ہیں۔ حکمرانوں کو یقین کرنا چاہیے کہ قادیانی اسلام اور وطن دونوں کے غدار ہیں۔ انھوں نے کہا کہ جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا وفادار نہیں، وہ مسلمانوں کا وفادار نہیں ہو سکتا۔ انھوں نے کہا کہ قادیانی، امریکہ اور اسرائیل کے سیاسی بیٹے ہیں۔ وہ پاکستان میں عجمی اسرائیل کے قیام کے لیے کوشاں ہیں۔ قادیانی بھارت کے ایجنٹ اور جاسوس ہیں۔ وہ پاکستان کے اقتدار پر شب خون مارنا چاہتے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ چناب نگر میں انھوں



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



نے ایک الگ ریاست قائم کر رکھی ہے جو حکومتی رٹ کو چیلنج ہے۔ اس لیے قادیانیوں کے تمام دفاتر سربمہر کیے جائیں، پریس اور جرائد ورسائل ضبط کیے جائیں، لٹریچر قبضے میں لیا جائے اور ان کی جماعت کو فوری طور پر خلافِ قانون قرار دیا جائے۔ ان اجتماعات سے مولانا غلام محمود انور، مولانا محمد شفیع، شیخ مظہر سعید اور دیگر رہنماؤں نے بھی خطاب کیا۔

## پرویز مشرف قومی مجرم ہیں، انھیں جامعہ حفصہ کی معصوم بیٹیوں کے قتلِ عام، آئین کی پامالی اور عدلیہ کو یرغمال بنانے کی سزا ملنی چاہیے: (سید محمد کفیل بخاری)

لاہور (۲؍جون) مجلس احرار اسلام کے ڈپٹی سیکرٹری جنرل سید محمد کفیل بخاری نے کہا ہے کہ پرویز مشرف نے ملک کو غیر محفوظ کیا، زرداری انھیں محفوظ راستہ نہ دیں۔ پرویز مشرف قومی مجرم ہیں، انھیں جامعہ حفصہ کی معصوم بیٹیوں کے قتلِ عام، آئین کی پامالی اور عدلیہ کو یرغمال بنانے کی سزا ملنی چاہیے۔ سید کفیل بخاری نے کہا کہ پرویز مشرف نے ملک کی نظریاتی بنیادوں کو مٹانے کی کوشش کی اور امریکہ کو پاکستان میں مداخلت کے لیے فری ہینڈ دیا۔ انھوں نے تہذیب وثقافت کے نام پر بے حیائی، عریانی اور فحاشی کو فروغ دیا اور محبِّ وطن فوج کو بدنام کیا۔ انھوں نے کہا کہ برطانیہ سے آزادی حاصل کرنے والی قوم کو ساٹھ سال بعد پھر امریکہ کا غلام بنا دیا گیا ہے۔ ملٹی نیشنل کمپنیوں کے ذریعے معاشی اور اقتصادی طور پر ملک کو دیوالیہ کر دیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ پرویز مشرف نے قادیانیوں کی مکمل سرپرستی اور حوصلہ افزائی کی اور قادیانی ان کی بغلوں میں پناہ گزین ہیں۔ قادیانیوں نے پاکستان کے دفاع اور سلامتی کو شدید نقصان پہنچایا اور اب تک پہنچا رہے ہیں۔ قادیانی پرویز مشرف کی چھتری کے نیچے ملک میں سیاسی عدم استحکام پیدا کرنے کی سازشیں کر رہے ہیں۔ ایوانِ صدر قادیانی سازشوں کی آماجگاہ بن چکا ہے۔ صدر پرویز کے معتمد خاص طارق عزیز سکہ بند قادیانی ہیں، جنھوں نے عدلیہ کے بحران میں کلیدی کردار ادا کیا ہے اور وہ اب بھی وطن کے خلاف سازشوں کی تکمیل میں سرگرم ہیں۔

سید محمد کفیل بخاری نے کہا کہ ذوالفقار علی بھٹو مرحوم نے قادیانیوں کو آئینی طور پر غیر مسلم اقلیت قرار دیا۔ بھٹو مرحوم قادیانیوں کو یہودیوں کا ایجنٹ قرار دیتے تھے۔ پیپلز پارٹی کی حکومت پرویز مشرف کا مواخذہ اور قادیانیوں کا محاسبہ کرے۔ قادیانی جماعت کو خلافِ قانون قرار دے کر اس پر پابندی عائد کی جائے۔ اگر قادیانیوں کے ہیڈ کوارٹر چناب نگر میں ان کے دفاتر کی تلاشی لی جائے تو پاکستان کے خلاف قادیانی سازشیں بے نقاب ہو جائیں گی۔ سید کفیل بخاری نے کہا کہ صدر پرویز نوشتۂ دیوار پڑھ لیں۔ وہ جا رہے ہیں، زوال ان کے تعاقب میں ہے اور آمریت زمیں بوس ہونے والی ہے۔ حکومت، پارلیمنٹ کی بالادستی، قانون کی حکمرانی اور عدلیہ کی بحالی کا وعدہ فوراً پورا کرے۔

☆☆☆

بورے والا (۳؍جون) دارالعلوم ختم نبوت چیچہ وطنی کے صدر مدرس قاری محمد قاسم اور مولانا منظور احمد کی معیت میں جماعت کے مرکزی نائب ناظم نشریات حافظ محمد عابد مسعود ڈوگر نے مدرسہ ختم نبوت بورے والا میں پرائمری درجہ (سکول) کے طلباء کی فراغت کی خصوصی تقریب میں شرکت وخطاب کیا۔ جب کہ رات کو حضرت امیر مرکزیہ سید عطاء المہیمن بخاری تشریف لائے اور تعلیمی و جماعتی نظم کا جائزہ لیا۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



## پرویز مشرف امریکی وکفریہ ایجنڈے کوآگے بڑھانے کے لیے ملکی مفادات کے برعکس اقدامات کے براہ راست ذمہ دار ہیں۔ (سید عطاء المہیمن بخاری)

چیچہ وطنی (۴؍جون) مجلس احرارِاسلام پاکستان کے مرکزی امیر سید عطاء المہیمن بخاری نے کہا ہے کہ سابق کورکمانڈر راولپنڈی لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) جمشید گلزار کیانی کے تازہ انکشافات نے ثابت کر دیا ہے کہ پرویز مشرف خالص امریکی وکفریہ ایجنڈے کومزید آگے بڑھانے کے لیے ملکی مفادات کے برعکس اقدامات کے براہ راست ذمہ دار ہیں لاہور سے ملتان جاتے ہوئے چیچہ وطنی احرار میڈیا سنٹر میں خطاب کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ کارگل، سانحۂ کراچی، لال مسجد اور گم شدہ افراد کے حوالے سے پرویز مشرف کا بھیانک کردار نئی حکومت سے متقاضی ہے کہ اس پر مقدمہ چلایا جائے اور عبرت کا نشان بنایا جائے۔ انھوں نے کہا کہ جادو سر چڑھ کر بولنے کا وقت قریب آتا جا رہا ہے اور جوں جوں جبر واستبداد کے بادل چھٹیں گے حقیقت آشکارا ہوتی چلی جائے گی کہ اقتدار واختیار کے نشے میں بدمست حکمرانوں نے ملک وملت کے ساتھ کیا سلوک کیا اور معصوم طالبات کے خونِ ناحق سے کیسے ہولی کھیلی! مجلس احرارِاسلام کے مرکزی سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ نے اس موقع پر کہا کہ مسلم لیگ (ن) کے رہنما جاوید ہاشمی کا یہ کہنا کہ'' قادیانی جہاد کو ختم کر کے امریکی سامراج کے مقاصد پورے کرنا چاہتے ہیں'' اور کیپٹن (ر) صفدر کا یہ کہنا کہ'' بھلوال کا قادیانی اور جامعہ حفصہ (رضی اللہ عنہا) کا قاتل اسلامی قانون کی راہ میں رکاوٹ ہے'' بر بنائے حقیقت ہے لیکن ہم یہ کہنا چاہتے ہیں کہ مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی سمیت تمام سیاسی قوتوں کو بھی فتنۂ قادیانیت کی ملک وملت کے خلاف گھناؤنی سازشوں اور تازہ ترین ریشہ دوانیوں پر گہری نظر رکھ کر ان کا سدباب بھی کرنا چاہیے۔ انھوں نے کہا کہ بہت اچھا ہُوا کہ کیپٹن (ر) صفدر کو بھلوال کا قادیانی یاد آ گیا اُنہیں دوالمیال (چکوال) کے علاوہ لاہور کے ڈاکٹرز ہسپتال والے قادیانی کو بھی یاد رکھنا چاہیے اور قادیانیوں کے نئے سیاسی سیٹ میں خطرناک حد تک بڑھتے ہوئے اثر ونفوذ پر اندر کی آنکھ سے نظر رکھ کر قوم کو آگاہ بھی کرنا چاہیے۔

## بریگیڈیئر (ر) نیاز اور دوسرے قادیانی صدر پرویز کی حمایت میں سرگرم ہیں: (عبداللطیف خالد چیمہ)

جھنگ (۴؍جون) مجلس احرارِاسلام پاکستان کے سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی اور (ن) لیگ سمیت تمام سیاسی جماعتوں کو بھی قادیانیوں کی اسلام ووطن دشمن سرگرمیوں کا ادراک کرتے ہوئے عقیدۂ ختم نبوت کے تحفظ کے تقاضے پورے کرنے چاہئیں۔ بھٹو مرحوم نے لاہوری وقادیانی مرزائیوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دیا تھا اور وہ اس پر فخر بھی کیا کرتے تھے۔ پیپلز پارٹی کو بھٹو مرحوم کے اس تاریخی فیصلے کا ذکر کرتے ہوئے ہچکچانا نہیں چاہیے کہ یہ امت کا چودہ سو سالہ متفقہ اور اجماعی عقیدہ ہے۔ وہ مجلس احرارِاسلام جھنگ کی طرف سے ایک مقامی ریسٹورنٹ میں ''استقبالیہ تقریب'' سے خطاب کر رہے تھے۔ جامع مسجد احرار چناب نگر کے خطیب مولانا محمد مغیرہ، جامعہ محمودیہ جھنگ کے شیخ الحدیث مولانا مفتی عبدالرحیم، مولانا ظہور احمد سالک، قاری محمد اصغر عثمانی اور عمر دراز نے بھی خطاب کیا جبکہ صدارت بزرگ احرار رہنما مولانا عبدالغفار سیال نے کی۔ عبداللطیف خالد چیمہ نے کہا کہ ایٹمی سائنسدان ڈاکٹر عبدالقدیر خان پر پابندیوں کے پیچھے قادیانی عنصر بھی موجود ہے جبکہ قادیانی ڈاکٹر عبدالسلام نے ۱۹۸۴ء میں پاکستان کے ایٹمی راز امریکہ کو حق الخدمت کے طور پر پیش کیے تھے جس کا تذکرہ



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



سابق بیوروکریٹ اور ممتاز صحافی زاہد ملک نے اپنی کتاب میں کیا ہے۔انھوں نے کہا کہ بریگیڈئر (ر) نیاز اور کئی دوسرے قادیانی صدر پرویز مشرف کی حمایت میں آج بھی بڑے سرگرم ہیں۔انھوں نے کہا کہ ''قادیانی صد سالہ خلافت'' دراصل امت مسلمہ کے خلاف سازشوں اور فتنہ انگیزیوں کی تاریخ ہے جو حقیقت بن کر سامنے آچکی ہے اور دنیا میں پوری قوت صرف کرنے کے باوجود مسلمانوں کے کسی طبقے یا کسی حصے نے قادیانیوں کو اسلام یا مسلمانوں کا حصہ تسلیم نہیں کیا۔انھوں نے کہا کہ لال مسجد اور جامعہ حفصہ (رضی اللہ عنہا) کی شہید ہونے والی عزت مآب بہنوں اور بیٹیوں کا مقدس خون سر چڑھ کر بول رہا ہے اور ظالم وسفاک قاتل ضرور اپنے انجامِ بد کو پہنچ کر رہیں گے۔انھوں نے کہا کہ مسلمانوں کو بہت زیادہ نقصان فتنہ اِنکارِ ختمِ نبوت اور فتنہ اِنکارِ صحابہ (رضی اللہ عنہم) نے پہنچایا ہے۔نوجوان نسل کو قدیم وجدید فتنوں سے خبردار رہنے کی ضرورت ہے۔مولانا محمد مغیرہ نے کہا کہ مجلس احرارِ اسلام حکومت الٰہیہ کی داعی ہے اور عقیدۂ ختمِ نبوت کا تحفظ اور احرار لازم وملزوم ہیں۔انھوں نے کہا کہ جھنگ کے علماء کرام اور رہنماؤں سے ہمیں بڑی توقعات ہیں کہ وہ چنیوٹ اور چناب نگر میں تحریک ختمِ نبوت کے کام کی سرپرستی فرماتے رہیں گے۔انھوں نے کہا کہ ضلع جھنگ کی سرکاری انتظامیہ کو چناب نگر سمیت ضلع بھر میں امتناع قادیانیت ایکٹ پر عمل درآمد کی صورتحال بہتر بنانی چاہیے اور جشن صد سالہ خلافت کے حوالے سے قادیانیوں کی تازہ شرانگیز کارروائیوں کا فوری نوٹس لینا چاہیے۔شیخ الحدیث مولانا مفتی عبدالرحیم اور مولانا ظہور احمد سالک نے کہا کہ مجلس احرارِ اسلام کی فتنہ اِرتدادِ مرزائیہ کے سدباب کے لیے پون صدی سے زائد عرصے پر محیط خدمات ہمارا دینی وقومی اثاثہ ہے۔انھوں نے کہا کہ ہم مجلس احرارِ اسلام کی قیادت کو مبارک باد پیش کرتے ہیں اور مکمل تعاون کا یقین بھی دلاتے ہیں۔قاری محمد اصغر عثمانی نے کہا کہ ضرورت اس امر کی ہے کہ موجودہ سیاسی بحران میں دینی حلقے قادیانی ریشہ دوانیوں پر گہری نظر رکھیں۔انھوں نے مطالبہ کیا کہ جھنگ میں قادیانی ارتدادی تبلیغ کے اڈے کو قانوناً بند کرایا جائے۔تقریب میں ایک قرارداد کے ذریعے مطالبہ کیا گیا کہ ڈی پی او جھنگ کی طرف سے پابندی کے باوجود ۲۸/ مئی کو چناب نگر میں ''جشن صد سالہ'' خلافت کے حوالے سے ہونے والی سرگرمیوں اور خلاف ورزی کا فوراً نوٹس لیا جائے۔

## حالات کچھ بھی ہوں، تحفظ ختم نبوت کا کام جاری رکھیں: (عبداللطیف خالد چیمہ)

فیصل آباد (رپورٹ: اشرف علی احرار) پنجاب میڈیکل کالج فیصل آباد میں قادیانی ارتدادی سرگرمیاں عروج پر پہنچی ہوئی تھیں۔قادیانی سٹوڈنٹس نے دو طالبات کو مرتد کر لیا تھا۔کالج کے مسلم طلباء خصوصاً اسلامی جمعیت طلبہ نے ان سرگرمیوں کا نوٹس لیا لیکن متعلقہ اتھارٹی نے کوئی توجہ نہ دی۔کالج کے طلباء نے ختم نبوت کے موضوع پر اشتہار شائع کیے۔مرزائی طلباء نے اشتہارات کو پھاڑ کر بے حرمتی کے مرتکب ہوئے۔۵/ جون کو طلباء نے ردِّعمل کا اظہار کیا اور بھرپور مظاہرہ کیا۔کالج کے پرنسپل پروفیسر اصغر علی رندھاوا نے ۱۵ طالبات اور ۸ طلبا جو قادیانی تھے۔کالج قواعد کے مطابق ان کو کالج سے خارج کر دیا اور نوٹیفکیشن پر آویزاں کر دیا گیا۔یہ بات اخبارات میں چلتی رہی۔۶/ جون کو مجلس احرار اسلام کے مرکزی ناظم اعلیٰ جناب عبداللطیف خالد چیمہ فیصل آباد تشریف لائے اور مسجد عظمتِ اسلام شاداب کالونی میں نمازِ جمعۃ المبارک کے اجتماع کے موقع پر اس مسئلہ پر بھرپور احتجاج کیا۔بعدازاں جماعت کے مرکزی نائب امیر جناب صوفی غلام رسول نیازی کی زیرِ صدارت



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اور جناب قاری حفظ الرحمٰن صدیقی کی زیرنگرانی اراکین ومعاونین کے ایک اجلاس میں اس بابت احبابِ جماعت کو خصوصی ہدایات جاری کیں۔ انھوں نے کہا کہ ساتھی اس مسئلہ پر جملہ معلومات حاصل کر کے بیداری پیدا کریں اور اللہ کا نام لے کر کام کا آغاز کریں۔ انھوں نے کہا کہ کام اسی کو سمجھتے ہیں کہ جب حالات سازگار نہ ہوں تو بھی کام کیا جائے۔ عقیدۂ ختم نبوت کے تحفظ کے کام میں اللہ تعالیٰ کی برکت ہی اتنی رکھی ہے کہ تھوڑی سے حرکت سے بہت زیادہ ہوجاتی ہے۔ چنانچہ بھائی عمر فاروق اور راقم الحروف نے صاحبزادہ مبشر محمود (عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے مرحوم رہنما صاحبزادہ طارق محمود رحمۃ اللہ علیہ کے فرزند) سمیت شہر کے دیگر حضرات سے ملاقات کر کے اس ضروری مسئلہ کی بابت توجہ مبذول کرائی اور عرض کی کہ آپ حضرات ہمت کر کے سکوت کو توڑیں۔ مجلس احرار اسلام کے کارکن آپ کے خادم بن کر کام کریں گے۔ چنانچہ الحمدللہ یہ کوششیں بارآور ہوئیں اور شہر کی جامع مسجد کچہری بازار، مسجد محمود یہ ریلوے اسٹیشن میں متعدد اجلاس ہوئے اور پریس کانفرنس بھی ہوئی۔ کل جماعتی مجلس عمل تحفظ ختم نبوت کو تشکیل دے کر فعال کیا گیا۔ مجلس احرار اسلام کے کارکن محترم صوفی غلام رسول نیازی کی قیادت میں سرگرم عمل ہیں۔ بھائی محمد فاروق احرار اور راقم فیصل آباد کی مذہبی شخصیات سے رابطے میں ہیں۔ مولانا محمد اسماعیل شجاع آبادی، مولانا عبدالرشید انصاری، مولانا محمد ضیاء، صاحبزادہ مبشر محمود کے علاوہ پیر طریقت حضرت مولانا سید جاوید حسین شاہ اور ان کے فرزند سید محمد زکریا قائدانہ کردار ادا کر رہے ہیں۔ عبداللطیف خالد چیمہ نے کہا کہ فیصل آباد ۱۹۷۴ء کے بعد اس مسئلے پر ان شاء اللہ تعالیٰ پھر ایک متحرک کردار ادا کرے گا۔

## قادیانیوں کو چاہیے کہ موجودہ سال کو ''شکست وندامت'' کے طور پر منائیں: (عبداللطیف خالد چیمہ)

چیچہ وطنی (۶ر جون) تحریکِ ختمِ نبوت کے رہنما اور مجلس احرارِ اسلام کے مرکزی سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ نے کہا ہے کہ پرویز مشرف کے دورِ اقتدار میں حکومت نے قادیانیت نوازی کے نئے ریکارڈ قائم کیے۔ اب پرویز مشرف کو کمزور ہوتے دیکھ کہ قادیانی اور بعض لادین اور وطن دشمن قوتیں ایسے حالات پیدا کر رہی ہیں کہ ملک میں اشتعال پیدا ہوا اور افراتفری بڑھے۔ وہ دورۂ فیصل آباد کے موقع پر مسجد عظمتِ اسلام شاداب کالونی میں ایک اجتماع اور اشرف علی احرار کی رہائش گاہ پر احرار کارکنوں کے تربیتی اجتماع سے خطاب کر رہے تھے۔ اس موقع پر مجلس احرار اسلام کے مرکزی نائب امیر صوفی غلام رسول نیازی، قاری حفظ الرحمٰن صدیقی اور دیگر حضرات بھی موجود تھے۔ عبداللطیف خالد چیمہ نے کہا کہ نئی مخلوط سیاسی حکومت کو اس بات پر گہری نظر رکھنے کی ضرورت ہے کہ قادیانی نئے سیاسی سیٹ اپ کے لیے مسائل کھڑے کر کے حکومت کو ناکام کرنا چاہتے ہیں۔ اس کے لیے تسلسل کے ساتھ قادیانی بعض مقتدر شخصیات کے ایماء پر ایسی سرگرمیوں کو پروموٹ کر رہے ہیں، جن سے لاء اینڈ آرڈر کا مسئلہ سنگین صورت اختیار کرتا جا رہا ہے۔ انھوں نے کہا کہ قائدآباد میں قادیانی وحید احمد کے ہاتھوں ۱۱ سالہ معصوم بچے عبدالرحمٰن کی شہادت ''قادیانی صد سالہ خلافت'' کے جشن پر پابندیوں کے باوجود چناب نگر سمیت متعدد مقامات پر غیر قانونی اجتماعات اور قادیانی اِرتدادی سرگرمیاں اور امتناع قادیانیت آرڈیننس کی مسلسل خلاف ورزی اِس بات کی غمازی کرتی ہیں کہ قادیانی کسی طے شدہ خطرناک منصوبے کے تحت ملک میں حالات خراب کرنا چاہتے ہیں اور بعض لابیاں دستور کی اسلامی دفعات اور خصوصاً تحفظِ ختمِ نبوت اور تحفظِ ناموسِ رسالت صلی اللہ علیہ وسلم کے قوانین کو ختم کرنے کے درپے ہیں۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



انھوں نے کہا کہ قادیانیوں کو چاہیے کہ موجودہ سال کو ''شکست وندامت'' کے طور پر منائیں، کیونکہ خلافت کے نام پر پوری ایک صدی میں زور لگانے کے باوجود دنیا کے کسی خطے کے کسی مسلمان طبقے نے قادیانیوں کو اپنا حصہ تسلیم نہیں کیا۔

عبداللطیف خالد چیمہ نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کے رہنما جاوید ہاشمی کا یہ کہنا کہ ''قادیانی جہاد کو ختم کر کے امریکی سامراج کے مقاصد پورے کرنا چاہتے ہیں'' اور کیپٹن (ر) صفدر کا یہ کہنا کہ ''بھلوال کا قادیانی اور جامعہ حفصہ (رضی اللہ عنہا) کا قاتل اسلامی قانون کی راہ میں رکاوٹ ہے'' بر بنائے حقیقت ہے لیکن ہم یہ کہنا چاہتے ہیں کہ مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی سمیت تمام سیاسی قوتوں کو بھی فتنۂ قادیانیت کی ملک وملت کے خلاف گھناؤنی سازشوں اور تازہ ترین ریشہ دوانیوں پر گہری نظر رکھ کران کا سدباب بھی کرنا چاہیے۔انھوں نے کہا کہ بہت اچھا ہوا کہ کیپٹن (ر) صفدر کو بھلوال کا قادیانی یاد آ گیا اُنہیں دوالمیال (چکوال) کے علاوہ لاہور کے ڈاکٹرز ہسپتال والے قادیانی کو بھی یاد رکھنا چاہیے اور قادیانیوں کے نئے سیاسی سیٹ میں خطرناک حد تک بڑھتے ہوئے اثر ونفوذ پر اندر کی آنکھ سے نظر رکھ کہ قوم کو آگاہ بھی کرنا چاہیے۔انھوں نے پنجاب میڈیکل کالج فیصل آباد میں قادیانی کفر وارتداد کی تبلیغ اور گمراہی پھیلانے والی طالبات اور طلباء کے کالج سے اخراج کے انتظامی فیصلے کو سراہا اور سرکاری انتظامیہ سے مطالبہ کیا کہ ذمہ دار قادیانیوں کے خلاف امتناع قادیانیت ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کیا جائے۔ایک قرارداد کے ذریعے (NFC) نیشنل فرٹیلائزر کالج فیصل آباد میں کالج انتظامیہ کی طرف سے قادیانی طلباء کا مسلم طلباء سے میس الگ کرنے کے فیصلے کا خیر مقدم کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ تعلیمی اداروں میں بڑھتی ہوئی قادیانی اِرتدادی سرگرمیوں کا سدباب کیا جائے اور ایک قرارداد میں ایک قادیانی ٹور آپریٹر کو حج کوٹہ الاٹ کرنے کی شدید الفاظ میں مذمت کی گئی اور ایسے اسلامی عبادات وشعائر کی توہین کے مترادف قرار دیتے ہوئے مطالبہ کیا گیا کہ قادیانی کمپنی سے حج کوٹہ واپس لیا جائے۔

## قادیانیت کا پرچار کرنے والے طلبہ کو گرفتار کیا جائے: مجلس احرار اسلام کراچی

کراچی (۷رجون) پنجاب میڈیکل کالج میں قادیانیت کا پرچار کرنے والے شرپسند طلبہ کو امتناع قادیانیت ایکٹ کے تحت گرفتار کیا جائے۔تحریک تحفظ ختم نبوت (شعبۂ تبلیغ) مجلس احرار اسلام کراچی کے رہنماؤں نے کراچی کی مختلف مساجد میں حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ فیصل آباد کے پنجاب میڈیکل کالج میں قادیانیت کے پرچار کرنے والے قادیانیوں کو آئین اور قانون کی بے حرمتی کرنے اور مسلمانوں میں ارتدادی سرگرمیوں کو فوراً روکا جائے۔مولانا عبدالغفور مظفر گڑھی، مفتی فضل اللہ الحمادی، مفتی عطاء الرحمٰن قریشی، مفتی جمال عتیق، ابومحمد عثمان احرار اور مولانا عبدالشکور بہاول پوری نے کہا ہے کہ پنجاب میڈیکل کالج کی تعلیمی سرگرمیوں کو متاثر کر کے دیگر طلبہ کا تعلیمی سال ضائع کرنا ظلم ہے۔مجرموں پر توہین رسالت کا مقدمہ قائم کیا جائے۔

## دینی قوتوں کو متحد ہو کر جدوجہد کرنے کی ضرورت ہے: مجلس احرار اسلام کراچی

کراچی (۱۱رمئی) تحریک تحفظ ختم نبوت (شعبۂ تبلیغ) مجلس احرار اسلام کراچی کے رہنماؤں مفتی فضل اللہ الحمادی اور مولانا احتشام الحق احرار نے معزول چیف جسٹس افتخار محمد چودھری کی بحالی، عدلیہ کی آزادی اور امریکی غلامی سے ملک اور قوم کو نجات دلانے کے لیے دینی قوتوں کو متحد ہو کر جدوجہد کرنے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ قومی مفاہمتی آرڈیننس سے مستفید ہونے والی سیاسی اور سرکاری وزراء اور بیوروکریٹس اور سترہویں ترمیم کو آئین کا حصہ بنانے والی ایم ایم اے



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



پرویز مشرف کی حمایت کے لیے سرگرم عمل دکھائی دے رہی ہے۔ مجلس احرار لال مسجد کے معصوم طلبہ وطالبات کے قاتلوں، لاپتا افراد کے اغواء میں ملوث افراد کا احتساب اور قومی دولت کو دونوں ہاتھوں سے لوٹنے والے عناصر کو قانون کی عدالت میں کھڑا کرنے کے لیے جدوجہد کرنے والے وکلاء تحریک کی بھرپور حمایت کرتی ہے۔

## تحریک طلباء اسلام ملتان کے عہدیداران کا انتخاب:

مسجد ختم نبوت دار بنی ہاشم ملتان میں تحریک طلباء اسلام ملتان کی مجلس شوریٰ کا اجلاس ہوا جس میں عہدیداران کا انتخاب کیا گیا۔

امیر: علی مردان قریشی　　ناظم اعلیٰ: حافظ اخلاق احمد　　ناظم نشریات: سید عطاء المنان بخاری

مجلس شوریٰ: سید صبیح الحسن ہمدانی، محمد الیاس، محمد فرحان الحق، حمود الرحمٰن، نعمان سنجرانی، سلیمان یمنی، حافظ عبدالباسط، سلیمان جیلانی

## پرویزی حکومت اور پرویزی نظام اپنے انجام بد کو پہنچے گا: (شبانِ احرار اسلام چیچہ وطنی)

چیچہ وطنی (۸؍جون) شبان احرار اسلام چیچہ وطنی کا ایک اجلاس قاری محمد سدید صدر شبان احرار کی صدارت میں منعقد ہوا جس میں طلباء کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ تحریک طلباء اسلام کے ناظم نشریات محمد عمیر چیمہ، شبان احرار کے جنرل سیکرٹری محمد قاسم چیمہ اور ناظم نشریات حافظ محمد جمیل انور نے خطاب کیا مقررین نے کہا کہ ہماری منزل تعلیمی اداروں میں لارڈ میکالے کے نظام تعلیم کا خاتمہ اور اسلامی نظام تعلیم رائج کرنا ہے۔ محمد عمیر چیمہ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قادیانی جماعت کا وجود ہی جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی گستاخی اور اہانت پر مبنی ہے اور جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے گستاخ کو مسلمان کسی صورت میں برداشت نہیں کر سکتے۔ انھوں نے کہا کہ لال مسجد اور جامعہ حفصہ (رضی اللہ عنہا) پر ظلم وسفاکی کی انتہا کرنے والے یاد رکھیں کہ ظلم کی تاریک رات ختم ہونے والی ہے، پرویزی حکومت اور پرویزی نظام اپنے انجام بد کو پہنچ کر رہے گا۔ محمد قاسم چیمہ نے کہا کہ پرویز مشرف کی حکومت اور اس کی پالیسیوں کی وجہ سے ملک کی نظریاتی سرحدوں کو ناقابل تلافی نقصان پہنچا ہے اور فوج جیسے ادارے کو بھی بدنام کر کے رکھ دیا گیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ آٹے اور بجلی کے بحران نے عوام کا جینا دوبھر کر دیا ہے اور اس کے ذمہ دار وہی ہیں، جنھوں نے جامعہ حفصہ (رضی اللہ عنہا) کی بجلی اور پانی بند کر کے کیمیائی ہتھیار استعمال کر کے مقدس خون سے ہولی کھیلی۔ حافظ محمد جمیل انور نے کہا کہ پنجاب میڈیکل کالج فیصل آباد میں قادیانیت کا پرچار کرنے والے قادیانی طلباء اور طالبات کے کالج سے اخراج کا فیصلہ انتہائی قابل تحسین ہے۔ تاہم ضروری ہے کہ امتناعِ قادیانیت آرڈیننس کی روح سے ان کے خلاف فوری کارروائی عمل میں لائی جائے۔ ایک قرارداد میں قائد آباد (ضلع خوشاب) کے چک نمبر ۳۹/۴۰ تھانہ گنجیال میں وحید احمد نامی قادیانی کے ہاتھوں گیارہ سالہ معصوم بچے عبدالرحمٰن کی شہادت کے المناک واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کی گئی۔ ایک اور قرارداد میں پابندی کے باوجود ۲۸؍مئی کو چناب نگر میں قادیانیوں کی طرف سے ''جشنِ صد سالہ خلافت'' کے نام سے سرگرمیوں میں ملوث قادیانیوں کے خلاف قانون کے مطابق فوری کارروائی کا مطالبہ بھی کیا گیا۔ اجلاس میں محمد فرحان، عبدالرحمان، محمد طلحہ، محمد منور، احمد تیمور، احمد شوکت، محمد صیام امین، محمد زوہیب مجاہد، موحد عبداللہ، محمد عبادہ، محمد مغیرہ، محمد طیب اور دیگر نے شرکت کی۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



## مجلس احرارِ اسلام کی طرف سے انڈونیشیا میں قادیانی سرگرمیوں پر پابندی کا خیر مقدم

کسووال(۱۰رجون) مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے امیر مرکز یہ سید عطاء المہیمن بخاری نے انڈونیشیا میں حکومت کی جانب سے قادیانی سرگرمیوں پر پابندی کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ انڈونیشیا کی سرکاری کابینہ نے قادیانیوں کو اپنے عقیدے کی تشہیر اور سرگرمیوں سے روک کر عالمگیر سطح پر عقیدۂ ختم نبوت کی تحریک کی آبیاری کی ہے لیکن ضرورت اس بات کی ہے کہ اسلامی ممالک قادیانی جماعت کو خلافِ قانون قرار دیں۔ مجلس احرارِ اسلام کے مرکزی نائب امیر پروفیسر خالد شبیر احمد، عبداللطیف خالد چیمہ، سید محمد کفیل بخاری، اور جامع مسجد احرار چناب نگر کے خطیب مولانا محمد مغیرہ نے کہا ہے کہ قادیانیوں کی انڈونیشیا میں بڑھتی ہوئی اِرتدادی اور اشتعال انگیز کارروائیاں اِنتہائی قابلِ مذمت ہیں اور مسلمانوں کے حقوق کا استحصال بھی۔ احرار رہنماؤں نے کہا کہ قادیانی فتنۂ دُنیا میں کفر و ارتداد کو اسلام کے لبادے میں چھپا کر پھیلا رہا ہے، ہم اس گمراہی اور زندقہ کو بے نقاب کر کے رہیں گے۔ انھوں نے کہا کہ انڈونیشیا میں اِس حساس مسئلہ پر بیداری اِس بات کی علامت ہے کہ پوری دنیا کے مسلمان قادیانی فتنہ کے سد باب کے لیے منظّم ہو رہے ہیں اور تحفظِ ختمِ نبوت کے مسئلہ پر پوری دنیا میں بیداری پیدا ہو رہی ہے انھوں نے مسلم فورم انڈونیشیا کے رہنما عبدالرحمٰن اور دیگر کو اس کامیابی پر مبارک باد پیش کی ہے۔

## ہندوستان میں قادیانی اجتماعات پر پابندی کا خیر مقدم کرتے ہیں: (قاری محمد یوسف احرار)

کسووال(۱۰رجون) وزیرِ اعلیٰ آندھرا پردیش ڈاکٹر وائی ایس راج شیکھر ریڈی نے واضح طور پر اعلان کیا ہے کہ حیدر آباد دکن انڈیا میں قادیانیوں کو کسی بھی عام مقام پر جلسہ کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ مجلسِ احرارِ اسلام پاکستان کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات قاری محمد یوسف احرار نے روزنامہ ''اردو نیوز'' جدہ میں شائع شدہ خبر کے حوالے سے بتایا کہ کل ہند مجلسِ اتحاد المسلمین کے رکنِ پارلیمنٹ بیرسٹر اسد الدین اویسی کی قیادت میں ایک وفد نے وزیرِ اعلیٰ کی رہائش پر ملاقات کی۔ وفد نے وزیرِ اعلیٰ کو بتایا کہ عالمِ اسلام کے متفقہ فیصلہ کے تحت قادیانی جو خود کو احمدی کہتے ہیں اسلام کے دائرہ سے خارج ہیں۔ اب یہ صد سالہ جشن کے نام پر ۱۵رجون سے جلسہ کرنا چاہتے ہیں وزیرِ اعلیٰ کو یہ بھی بتایا گیا کہ مرزا غلام احمد قادیانی نے ہندوستان کی آزادی کی جدوجہد کے دوران ملک سے غداری کی تھی۔ وزیرِ اعلیٰ ڈاکٹر راج شیکھر ریڈی نے کمشنر سٹی پولیس حیدر آباد دکن کو فون پر ہدایت دی کہ قادیانیوں کو کسی بھی عام مقام پر جلسہ کرنے کی اجازت نہ دی جائے اور ان کے جو تشہیری پوسٹر چسپاں ہیں، انھیں فوری طور پر اتار دیا جائے۔ وفد نے وزیرِ اعلیٰ کے احکام کا خیر مقدم کیا۔ تمام مکاتبِ فکر سے تعلق رکھنے والے علماء و قائدین کی جانب سے مشترکہ طور پر وزیرِ اعلیٰ سے نمائندگی کا عام مسلمانوں کی جانب سے زبردست خیر مقدم کیا گیا ہے دریں اثناء مجلسِ احرارِ اسلام اور تحریکِ تحفظِ ختمِ نبوت کے مرکزی رہنماؤں حافظ محمد عابد مسعود ڈوگر اور مرزا یاسر عبدالقیوم نے کہا کہ دنیا کے ہر حصے میں قادیانیوں کی اصل حقیقت آشکارا ہوتی چلی جا رہی ہے اور ''قادیانی صد سالہ خلافت'' کے نام پر قادیانی جماعت کو ہر جگہ منہ کی کھانی پڑ رہی ہے۔

## گورنر پنجاب سلمان تاثیر کی قادیانیت نوازی کی مذمت

لاہور(۱۱رجون) مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے امیر مرکزیہ سید عطاء المہیمن بخاری اور سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ نے پنجاب میڈیکل کالج فیصل آباد سے ۲۳ قادیانی طلبہ و طالبات کے اخراج کے فیصلے کو سراہتے ہوئے اسے قانون



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کے مطابق قرار دیا ہے اور کہا ہے کہ گورنر پنجاب سلمان تاثیر اس فیصلے کو اقتدار کے نشے میں ختم کروانا چاہتے ہیں جو عقیدۂ ختم نبوت سے صریحاً غداری اور بدترین قادیانیت نوازی کے مترادف ہوگا۔ انھوں نے کہا کہ تحریک ختم نبوت اور دینی جماعتیں اس سرکاری فیصلے کو کسی صورت قبول نہیں کریں گی۔

## ختم نبوت کے تحفظ کے لیے مسلمانوں کی تاریخ کامیابیوں سے بھرپور ہے: (قاری محمد یوسف احرار)

لاہور (۱۱ر جون) مجلس احرار اسلام پاکستان کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات قاری محمد یوسف احرار نے کہا ہے کہ قادیانیوں کی سوسالہ جدوجہد مسلسل ناکامیوں سے عبارت ہے جب کہ الحمدللہ ختم نبوت کے تحفظ کے لیے مسلمانوں کی تاریخ کامیابیوں سے بھرپور ہے۔ انڈونیشیا میں حکومت کی جانب سے قادیانیوں کی کفریہ سرگرمیوں پر پابندی اسی سلسلہ کی کڑی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انھوں نے اپنے ایک اخباری بیان میں کیا۔ انھوں نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ختم نبوت کا یہ کھلا معجزہ ہے کہ منکرین ختم نبوت کہیں بھی کامیابی سے ہمکنار نہ ہوسکے۔ قادیانیوں نے جشن صد سالہ کے نام سے تقاریب منعقد کرنے کی کوشش کی۔ مسلمانوں کے بروقت تعاقب پر اکثر جگہ منہ کی کھائی، ان کا جشن ماتم میں بدل گیا اور جشن منانے کا اعلان مکمل ناکامی سے دوچار ہوا۔ احرار رہنما نے کہا کہ انڈونیشیا میں وہاں کی عوام کی بھرپور تحریک کے نتیجہ میں حکومتِ وقت نے قادیانیوں کی کفریہ سرگرمیوں پر پابندی لگادی۔ جو اس بات کی علامت ہے کہ پوری امت مسلمہ قادیانی فتنہ کے تعاقب کے لیے بیدار ہے اور ان کی سرکوبی کے لیے منظّم ہے۔ انھوں نے کہا کہ قادیانی ٹولہ اپنے اس کفر کو اسلام کے نام پر پھیلا رہا ہے مگر وہ ناکام ہوں گے اور اپنی اس کفریہ گمراہی اور ارتداد میں بے نقاب ہوکر رہیں گے۔ احرار رہنما نے پنجاب میڈیکل کالج فیصل آباد قادیانی طلبہ وطالبات کی ارتدادی سرگرمیوں کے نتیجہ میں کالج انتظامیہ کی طرف سے ان کو نکالنے کے جرأت مندانہ اقدام کو سراہا اور پرنسپل اور ڈائریکٹر کالج کو خراجِ تحسین پیش کیا۔ قاری محمد یوسف احرار نے گورنر پنجاب سلمان تاثیر کے اس بیان کی بھرپور مذمت کی، جس میں گورنر نے فیصل آباد کے قادیانی طلبہ کے اخراج کے خلاف نوٹس لیا۔ احرار رہنما نے کہا کہ گورنر پنجاب نے اس طرح اپنے اس قدام سے قادیانیت نوازی کا ثبوت فراہم کیا۔ مگر واضح رہے کہ قادیانی اور قادیانی نواز ہر جگہ ناکام ہوں گے۔

## بے گناہ پاکستانیوں کا قتل امریکہ کی کھلی جارحیت ہے اور اس گھناؤنے فعل کا ذمہ دار صرف پرویز مشرف ہے۔ (سید عطاء المہیمن بخاری)

ملتان (۱۳ر جون) مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے امیر سید عطاء المہیمن بخاری نے کہا ہے کہ وکلاء کی جدوجہد کامیابی سے ہم کنار ہوگی۔ حکومت پرویز مشرف کا احتساب اور مواخذہ کرے۔ پرویز قومی مجرم ہے۔ انھوں نے اقتدار پر شب خون مارا، انصاف کا قتل کیا، عدلیہ کو مفلوج کیا اور پاکستان کو امریکہ کا غلام بنایا۔ وہ آج دارِ بنی ہاشم میں مجلس احرار اسلام کے زیر اہتمام وکلاء کی حمایت میں اجتماع سے خطاب کررہے تھے۔ انھوں نے کہا کہ مجلس احرار اسلام لانگ مارچ کی مکمل حمایت کرتی ہے۔ احرار کارکن لانگ مارچ میں شریک ہیں۔ انھوں نے کہا کہ امریکہ براہِ راست پاکستان کے سرحدی علاقوں پر بمباری کررہا ہے۔ بے گناہ پاکستانیوں کا قتل امریکہ کی کھلی جارحیت ہے اور اس گھناؤنے فعل کا ذمہ دار صرف پرویز مشرف ہے۔ انھوں نے کہا کہ آئینی پیکیج مبہم ہے۔ ججوں کو انتظامی حکم کے تحت فوراً بحال کیا جائے۔ پارلیمنٹ سے سپریم کورٹ کے انتیس



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ججوں کی تعداد کا فیصلہ دنیا کا آٹھواں عجوبہ ہے۔ کسی ملک کی سپریم کورٹ میں اتنے جج نہیں۔ حکومت کی نیت ٹھیک نہیں۔ سید عطاء المہیمن بخاری نے کہا کہ ایک بجٹ اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو عطا کیا ہے اور ایک حکومت نے۔ اللہ تعالیٰ نے حکم دیا کہ اسراف نہ کرو لیکن ہمارے حکمرانوں نے قومی خزانے کو دونوں ہاتھوں سے لوٹا۔ ایک سرکاری دورے پر نو کروڑ روپے خرچ کیے گئے۔ ہمارے کسی پڑوسی ملک میں فوجی حکومت نہیں لیکن پاکستان میں چند جرنیلوں نے حکومت پر قبضہ کر کے ہماری بہادر اور محبِّ وطن فوج کو بدنام کیا۔ پرویز مشرف کا احتساب سولہ کروڑ عوام کا مطالبہ ہے۔ انھوں نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:

> ''انصاف نہیں کرو گے تو قتل و غارت گری ہوگی۔ ناپ تول میں کمی کرو گے تو اللہ رزق تنگ کر دے گا۔ زنا عام ہوگا تو اموات بھی زیادہ ہو جائیں گی، جو قوم چالیس برس سود میں مبتلا رہے گی تو اللہ اس پر بھوک اور قحط نازل کر دیں گے۔''

سید عطاء المہیمن بخاری نے کہا کہ پرویز مشرف نے ان تمام جرائم کو تحفظ اور فروغ دیا اور پوری قوم کو عذاب میں مبتلا کر دیا۔ قوم اللہ سے معافی مانگے اور پرویزی نظام کے خلاف بغاوت کر کے عذاب سے نجات حاصل کرے۔

## مصر میں حکومت نے قادیانی ٹی وی چینل MTA پر پابندی لگادی

چیچہ وطنی (۱۳ر جون) مصر سے آمدہ اطلاعات کے مطابق انٹرنیشنل قادیانی ٹی وی چینل (M-T-A) جس کی بیس برطانیہ میں ہے کہ عربی چینل پر مصر نے پابندی لگا دی ہے۔ ایک اطلاع کے مطابق مصر کی حکومت نے قادیانی جماعت (جماعتِ احمدیہ) کی عربی نشریات جو (M-T-A-3) چینل کے ذریعے نشر کی جاتی تھیں، ان کو مصر میں ممنوع قرار دے کر بند کر دیا گیا ہے۔ اطلاع کے مطابق (M-T-A) مسلمانوں اور اسلام کے خلاف منفی اور نفرت پر مبنی پروپیگنڈہ کر رہا تھا۔ علاوہ ازیں جدہ سے شائع ہونے والے ایک اردو روزنامہ (اردو نیوز) میں شائع ہونے والی ایک رپورٹ کے مطابق وزیرِ اعلیٰ آندھرا پردیش ڈاکٹر وائی ایس راج شیکھر ریڈی نے واضح طور پر اعلان کیا ہے کہ حیدر آباد دکن انڈیا میں قادیانیوں کو کسی بھی عام مقام پر جلسہ کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ ''اردو نیوز'' جدہ میں شائع شدہ خبر کے حوالے سے بتایا کہ کل ہند مجلسِ اتحاد المسلمین کے رکنِ پارلیمنٹ بیرسٹر اسدالدین اویسی کی قیادت میں ایک وفد نے وزیرِ اعلیٰ کی رہائش پر ملاقات کی۔ وفد نے وزیرِ اعلیٰ کو بتایا کہ عالمِ اسلام کے متفقہ فیصلہ کے تحت قادیانی جو خود کو احمدی کہتے ہیں، اسلام کے دائرہ سے خارج ہیں۔ اب یہ صد سالہ جشن کے نام پر ۱۵ر جون سے جلسہ کرنا چاہتے ہیں۔ وزیرِ اعلیٰ کو یہ بھی بتایا گیا کہ مرزا غلام احمد قادیانی نے ہندوستان کی آزادی کی جدوجہد کے دوران ملک سے غداری کی تھی۔ وزیرِ اعلیٰ ڈاکٹر راج شیکھر ریڈی نے کمشنر سٹی پولیس حیدر آباد دکن کو فون پر ہدایت دی کہ قادیانیوں کو کسی بھی عام مقام پر جلسہ کرنے کی اجازت نہ دی جائے اور ان کے جو تشہیری پوسٹر چسپاں ہیں، انھیں فوری طور پر اتار دیا جائے۔ وفد نے وزیرِ اعلیٰ کی احکام کا خیر مقدم کیا۔ تمام مکاتبِ فکر سے تعلق رکھنے والے علماء وقائدین کی جانب سے مشترکہ طور پر وزیرِ اعلیٰ سے نمائندگی کا عام مسلمانوں کی جانب سے زبردست خیر مقدم کیا گیا ہے۔ دریں اثناء مجلسِ احرارِ اسلام اور تحریکِ تحفظِ ختمِ نبوت کے مرکزی رہنماؤں حافظ محمد عابد مسعود ڈوگر اور مرزا یاسر عبدالقیوم نے کہا کہ دنیا کے ہر حصے میں قادیانیوں



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کی اصل حقیقت آشکارا ہوتی چلی جارہی ہے اور'' قادیانی صد سالہ خلافت'' کے نام پر قادیانی جماعت کو ہر جگہ منہ کی کھانی پڑ رہی ہے۔ مجلسِ احرارِ اسلام تحریک تحفظ ختم نبوت اور دیگر دینی جماعتوں نے مذکورہ فیصلوں کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ عالمی سطح پر تحریک ختم نبوت کا کام منظم ہو رہا ہے اور وہ دن دور نہیں، جب ان شاءاللہ تعالیٰ فتنہ ارتداد اپنے منطقی انجام پر پہنچ کر رہے گا۔

## انٹرنیشنل اسلامک میڈیا فورم کا قیام

لاہور (۱۵؍جون) جناب حافظ عبیدالرحمٰن قریشی فکری ونظریاتی اعتبار سے ایک متحرک اور مخلص کارکن ہیں۔ ایک عرصہ سے شارجہ میں مقیم ہیں اور وہاں جمعیت علماء اسلام متحدہ عرب امارات کی ذمہ داریاں سنبھالے ہوئے ہیں۔ گزشتہ دنوں پاکستان تشریف لائے تو انھوں نے مختلف دینی رسائل وجرائد کے مدیران اہل قلم اور دانشوروں سے ملاقات کی اور عصرِ حاضر میں اسلام کے خلاف مغربی میڈیا کی یلغار اور جھوٹے پروپیگنڈے کا جواب دینے کی ضرورت کا احساس دلایا۔ ۱۵؍جون ۲۰۰۸ء کو لاہور میں ایک تاسیسی اجلاس منعقد ہوا اور ایک رابطہ کمیٹی تشکیل دی گئی۔ ۲۵؍جون کو الشریعہ اکیڈمی گوجرنوالہ میں منعقد ہوا۔ ممتاز دانشور، کالم نگار، شیخ الحدیث مولانا زاہدالراشدی مدظلہ کی سرپرستی میں انٹرنیشنل اسلامک میڈیا فورم سرگرم عمل ہے۔ اللہ تعالیٰ حافظ عبیدالرحمٰن قریشی کی مخلصانہ کوششوں کو کامیاب فرمائے۔ (ادارہ)

## گورنر پنجاب قادیانیوں کی حمایت بند کریں: (عبداللطیف خالد چیمہ)

فیصل آباد (۱۵؍جون) مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے مرکزی سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ نے کہا ہے کہ گورنر پنجاب سلمان تاثیر کو پنجاب میڈیکل کالج فیصل آباد سے نکالے جانے والے قادیانی سٹوڈنٹس کی بے جا حمایت کر کے مُنکرین ختم نبوت کی یک طرفہ جانبداری ترک کر دینی چاہیے۔ پیپلز پارٹی کو اسلامیانِ پاکستان کے عقیدے اور خود پیپلز پارٹی کے بانی مرحوم ذوالفقار علی بھٹو کے قادیانیوں کے حوالے سے فیصلے سے انحراف نہیں کرنا چاہیے۔ انھوں نے ایک بیان میں کہا مسلمان طالبات کو مرتد بنانے، عقیدہ ختم نبوت کی توہین کرنے اور امتناع قادیانیت آرڈیننس کی اعلانیہ خلاف ورزی کے الزام میں پرنسپل پنجاب میڈیکل کالج فیصل آباد نے ۱۵ طالبات اور ۸ طلباء کو کالج قواعد کے مطابق کالج سے نکال دیا اور اس کا نوٹیفکیشن بھی جاری ہو گیا۔ بعدازاں انکوائری کمیٹی بنا کر اس فیصلہ کو سبوتاژ کرنے کی اعلیٰ سطحی کوششیں شروع ہو گئیں۔ انھوں نے کہا کہ ہم واضح کرنا چاہتے ہیں کہ حکومت اور محکمہ تعلیم اِس فتنۂ اِرتداد مرزائیہ کے قلع قمع کے لیے اپنا قانونی کردار ادا کرے اور مرزائیت کی سرپرستی چھوڑ دے۔ عبداللطیف خالد چیمہ نے پنجاب میڈیکل کالج فیصل آباد میں تحفظِ ختم نبوت کے حوالے سے موجودہ صورتحال پر روزنامہ ''نوائے وقت'' کے مثبت کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ ''نوائے وقت'' نے تحریکِ ختم نبوت کی ترجمانی کا حق ادا کرنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی، باقی اخبارات کو بھی ''نوائے وقت'' کے اس کردار کی تقلید کرنی چاہیے۔ علاوہ ازیں مجلسِ احرارِ اسلام پاکستان کے مرکزی نائب امیر صوفی غلام رسول نیازی، قاری حفظ الرحمٰن صدیقی، اشرف علی احرار، عزیز الرحمٰن احرار اور دیگر رہنماؤں نے کہا کہ گورنر پنجاب کے ملکیتی اردو اور انگریزی اخبارات میں اسلام اور وطن کے خلاف اور قادیانیوں کے حق میں مضامین چھاپے جارہے ہیں اور اِن اخبارات میں مُلحد اور قادیانی نواز عملہ بھرتی کیا گیا ہے۔ گورنر پنجاب کے ملکیتی اردو اخبار کا چیف ایڈیٹر قادیانیوں کی مکمل سرپرستی کر رہا ہے اور یہی ٹیم پنجاب میڈیکل کالج



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



فیصل آباد سے نکالے جانے والے طلباء کے اخراج کے فیصلے کو واپس کروانا چاہتی ہے ادھر تحریک طلباء اسلام، ختم نبوت سٹوڈنٹس ایکشن کمیٹی اور شبانِ احرار نے بھی حکومت کو انتباہ کیا ہے کہ وہ منکرینِ ختمِ نبوت کی سرپرستی ترک کردے ورنہ ہولناک کشیدگی جنم لے گی۔طلباء تنظیموں نے تحفظِ ختمِ نبوت، طلباء اتحاد فیصل آباد کے مطالبات کی مکمل تائید وحمایت کا اعلان بھی کیا ہے۔

## قادیانیوں نے پاکستان کے دفاعی راز امریکہ کو دے کر ملک کو غیر محفوظ کرنے کی ناپاک سازش کی

**(محمد عبدالرحمٰن جامی نقشبندی)**

جلال پور پیروالا (۲۰؍ جون، رپورٹ: محمد مروان فاروقی) مجلس احرار اسلام تحصیل جلال پور پیروالا کے رہنما محمد عبدالرحمٰن جامی نقشبندی نے جامعہ فاروقیہ صوت القرآن جلال پور پیروالا میں خطبہ جمعۃ المبارک کے موقع پر فرمایا کہ مجلس احرار اسلام کا بنیادی مقصد یہ ہے کہ دنیا کے کونے کونے میں اسلام عام ہوجائے۔انھوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ ہمارا خالق اور مالک ہے۔جس نے انسان کو اشرف المخلوقات کا شرف بخشا ہے۔اب یہ انسان کی ذمہ داری اور فرض بنتا ہے کہ وہ اپنے رب کی حقیقی بندگی کرے اور اس کے احکامات اور رحمتِ دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمات پر عمل پیرا ہوجائے۔انھوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک دنیا اور مال کی کوئی حیثیت نہیں ہے، یہ دنیا فانی ہے اور مال ودولت عارضی ہے جب کہ انسان کے اچھے اعمال ہمیشہ رہیں گے۔اللہ تعالیٰ نے ساری کامیابی اپنے دین میں رکھی ہے جس قوم نے بھی اللہ تعالیٰ کے دین کو چھوڑا ہے، وہ ناکامی سے دوچار ہوئی ہے۔انھوں نے حکام بالا سے پُر زور مطالبہ کیا کہ جماعت احمدیہ کو خلافِ قانون قرار دے۔قادیانی ملک کے خلاف سازشوں میں مصروف ہیں۔پاکستان کے دفاعی راز، امریکہ کو دیئے پاکستان کے ایٹمی پروگرام کو غیر محفوظ کرنے کی ناپاک سازش کی اور ڈاکٹر عبدالقدیر کی کردار کشی کی۔حکمرانوں کو یقین کرنا چاہیے کہ قادیانی اسلام اور وطن دونوں کے غدار ہیں جو رحمتِ دوجہاں صلی اللہ علیہ وسلم کا وفادار نہیں، وہ مسلمانوں کا وفادار نہیں ہوسکتا۔

## گورنر پنجاب قادیانیت کی حمایت سے باز آجائیں: سید صبیح الحسن ہمدانی

ملتان (۲۴؍ جون) تحریک طلباء اسلام کے مرکزی کنونیر سید صبیح الحسن ہمدانی نے کہا ہے کہ اسلام ہمارا دین اور حکومتِ الٰہیہ کا قیام ہمارا ہدف ہے۔پنجاب میڈیکل کالج فیصل آباد سے نکالے گئے قادیانی طلباء کو قرار واقعی سزا دی جائے۔گورنر پنجاب قادیانیوں کی حمایت سے باز آجائیں۔تعلیمی اداروں میں قادیانیوں کی سرگرمیاں آئین کے خلاف ہیں۔قادیانیوں کو شرانگیزی سے روکا جائے۔انھوں نے ان خیالات کا اظہار تحریک طلباء اسلام کے زیر اہتمام دارِ بنی ہاشم میں منعقدہ چار روزہ تربیتی کنونشن میں طلباء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔یہ کنونشن ۲۰ تا ۲۳ جون جاری رہا۔کنونشن میں تاریخ احرار، محاسبۂ قادیانیت، موجودہ حالات میں طلباء کی ذمہ داریاں، تعلیمی اداروں میں قادیانیوں کی بڑھتی ہوئی ریشہ دوانیوں اور تحریک کے اغراض ومقاصد پر تفصیلی لیکچرز ہوئے۔سید صبیح الحسن ہمدانی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہمارا مقصد طلباء کو اعتقادی فکری اور عملی طور پر سچا مسلمان بنانا اور مستقبل میں وطن عزیز کو محبِّ وطن اور مخلص قیادت فراہم کرنا ہے۔مسلمانوں میں دینی شعور بیدار کرنا اور اللہ ورسول صلی اللہ علیہ وسلم کی سچی اطاعت وفرماں برداری کرنے والا معاشرہ تشکیل دینا ہمارا نصب العین ہے۔تحفظ ناموسِ رسالت اور تحفظ ناموسِ آل واصحاب وازواجِ رسول ہماری اساس ہے۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



انھوں نے کہا کہ تحریک طلباء اسلام ایک خالص دینی تنظیم ہے اور ہماری جدوجہد کا محور طلباء کو عقیدۂ ختم نبوت کے تحفظ کے مشن سے آشنا کرنا اور اُن کو عملی طور پر ایک سچا اور محبِّ وطن مسلمان بنانا ہے۔ انھوں نے کہا کہ ہمارا نظامِ تعلیم ناقص اور معاشرے کو تعصّبات سے دوچار کرنے والا ہے۔ جس نے نوجوانوں میں اعتقادی، اخلاقی، سماجی اور خاندانی نظام کی سرحدوں اور قدروں کو منہدم کر دیا ہے۔

کنونشن سے تحریک کے مقامی امیر علی مردان قریشی، سید عطاء المنان بخاری، قاری عبدالباسط، محمد طیب معاویہ، محمد سلیمان یمنی، حافظ اخلاق احمد، حمود الرحمٰن، فرحان الحق حقانی، عمیر قمر، معاویہ راشد اور دیگر طلباء رہنماؤں نے خطاب کیا۔ کنونشن کے اختتام پر مجلس عاملہ کے اجلاس میں تنظیمی امور پر غور وفکر کے بعد فیصلہ کیا گیا کہ مرکزی رہنما پنجاب کے مختلف شہروں کا دورہ کر کے تحریک کے کام کو مضبوط اور منظّم کریں گے۔ طلباء کے تعلیمی مسائل کا جائزہ لے کر ان کے حل کے لیے کوشش کی جائے گی۔

## مسلمانوں پر دشت گردی کا الزام استعماری طاقتوں کا سب سے بڑا جھوٹ ہے: مولانا منیب الرحمٰن عثمانی

ملتان (۲۶رجون) دیوبند بھارت سے آئے ہوئے ممتاز عالم دین مولانا منیب الرحمٰن عثمانی نے کہا ہے کہ مسلمان اسلاف کی راہ چھوڑ کر اپنا راستہ بھول گئے ہیں۔ جدیدیت اور جدید ثقافت کی چمک نے ہم سے ہمارا شاندار ماضی اور علمی ورثہ چھین لیا ہے۔ صرف جدید علوم کو ہی علم قرار دینے سے مسلمان علومِ نبوت کے نور سے محروم ہو گئے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انھوں نے دارِ بنی ہاشم میں تحریک طلباء اسلام ملتان کے زیر اہتمام اپنے اعزاز میں دیے گئے عشائیے میں کیا۔ مولانا منیب الرحمٰن تحریک پاکستان کے ممتاز رہنما علامہ شبیر احمد عثمانی کے پوتے ہیں اور ان دنوں بعض علمی موضوعات پر تحقیقات کے سلسلے میں پاکستان کے دورے پر آئے ہوئے تھے۔ انھوں نے مدرسہ معمورہ دارِ بنی ہاشم کا کتب خانہ دیکھا، مجلس احرار اسلام کے امیر سید عطاء المہیمن بخاری اور سید محمد کفیل بخاری سے ملاقات کی۔ تحریکِ آزادی کے عظیم رہنما امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے مزار پر بھی حاضری دی۔

مولانا منیب الرحمٰن عثمانی نے طلباء کو نصیحت کی کہ وہ اپنا قیمتی وقت حصولِ علم پر صرف کریں اور پھر عملی دنیا میں آ کر علم کی روشنی پھیلائیں اور اپنے ملک وقوم کی صحیح خدمت ورہنمائی کریں۔ انھوں نے کہا کہ بھارت کے مسلمان پاکستان کے لیے نہایت مخلصانہ جذبات رکھتے ہیں اور پاکستانیوں سے بے پناہ محبت کرتے ہیں۔ بھارت کے علماء نے اپنے ملک کے آئین کی حدود میں رہتے ہوئے مسلمانوں کی صحیح رہنمائی کی ہے۔ مسلمانوں کو اسلام اور اپنے وطن کا وفادار بن کر رہنا چاہیے۔ انھوں نے کہا کہ اسلام امن وآشتی کا دین ہے۔ مسلمانوں پر دشت گردی اور شدت پسندی کا الزام استعماری طاقتوں کا سب سے بڑا جھوٹ ہے۔ انھوں نے کہا کہ ہمیں اور زیادہ شدت کے ساتھ امن، محبت اور مساوات کے لیے محنت کرنی چاہیے۔ عشائیہ میں مجلس احرار اسلام کے امیر سید عطاء المہیمن بخاری، سید محمد کفیل بخاری، تحریک طلباء اسلام ملتان کے امیر علی مردان قریشی، سید عطاء المنان بخاری، محمد الیاس، محمد فرحان الحق، محمد سلیمان یمنی، اخلاق احمد، نعمان احمد سنجرانی اور دیگر طلباء نے شرکت کی۔ مولانا منیب الرحمٰن اپنے دورۂ پاکستان کے آخری مرحلے میں ملتان سے دہلی روانہ ہو گئے۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



## بھارت: حیدر آباد دکن میں ۲۲ قادیانیوں کا قبولِ اسلام

حیدر آباد دکن (نیوز رپورٹ) بھارتی شہر حیدر آباد دکن میں ۲۲ قادیانیوں نے اسلام قبول کرلیا۔ مولانا رحمت اللہ شریف، سابق امیر حلقہ آسام کے مطابق موضع کاسرلا پہاڑ، اروا پلی منڈل، ضلع نل گنڈہ میں بعد نمازِ جمعہ ۲۲ قادیانیوں نے اسلام قبول کیا جن میں دس مرد، پانچ خواتین اور سات بچے شامل ہیں۔ نمائندہ منصف سوریا پیٹ کے مطابق اس موقع پر ایک جلسہ منعقد ہوا۔ جلسہ سے مفتی عبدالغنی نے خطاب کرتے ہوئے نو مسلموں کو مبارک باد دی اور کہا کہ قادیانی مسلمان نہیں ہیں۔ ان کے فریب سے چوکنا رہنے کی ضرورت ہے۔ قادیانی، غریبی و مفلسی کا ناجائز فائدہ اٹھا کر غریب دیہی مسلمانوں کو مرتد بنا رہے ہیں۔ قادیانی سرگرمیوں کے سدِ باب کے لیے ہر مسلمان کو آگے آنے کی ضرورت ہے۔ مفتی عبدالغنی نے کہا کہ سرلہ پہاڑ اروپلی ضلع نل گنڈہ قادیانیوں کی ناپاک سرگرمیوں کا اڈہ ہے جہاں علماء کی کاوشوں کے باعث کئی قادیانی مشرف بہ اسلام ہوئے ہیں لیکن آج حافظ عبدالواحد اور دیگر کاوشوں سے اس علاقہ کے ۲۲ قادیانی مشرف بہ اسلام ہوئے ہیں۔

(ہفت روزہ ’’غزوہ‘‘ ۱۵ر تا ۲۱ر جمادی الثانی ۱۴۲۹ھ)

## چنیوٹ: قادیانی خاتون کا مولانا مشتاق احمد کے ہاتھ پر قبولِ اسلام

چنیوٹ (نمائندہ اسلام) قادیانی خاتون مسماۃ نصرت شبانہ دختر رانا فضل الٰہی سکنہ محلّہ دارالسد ر چناب نگر تحصیل چنیوٹ نے ادارہ مرکزیہ دعوت وارشاد چنیوٹ میں پہنچ کر مولانا مشتاق احمد کے ہاتھ پر اسلام قبول کرلیا ہے۔ اس موقع پر اس نے اپنے باطل مذہب کے چھوڑنے کی وجوہات بتاتے ہوئے کہا کہ ضمیر نے مجھے کئی دن سے جھنجھوڑ رکھا تھا کہ نجات کا اصل راستہ ہی اسلام ہے۔ اس موقع پر مولانا منظور احمد چنیوٹی مرحوم کے صاحبزادے مولانا محمد ثناء اللہ چنیوٹی نے مسماۃ نصرت شبانہ کے لیے شفاعت دین کی دعا کی۔ (روزنامہ ’’اسلام‘‘ لاہور، ۲۴ر جون ۲۰۰۸ء)

## چیچہ وطنی میں قادیانی مربی ارتدادی اجتماع کے الزام میں گرفتار

چیچہ وطنی (پ ر) چیچہ وطنی کے نواحی چک نمبر ۱۲/۳۹، ایل میں قادیانیوں کی طرف سے ’’جشن صد سالہ‘‘ کے عنوان سے ارتدادی اجتماع منعقد کرنے کے الزام میں قادیانی مربی مشتاق احمد ولد عبدالکریم کی گرفتاری اور تھانہ صدر چیچہ وطنی میں زیر دفعہ ۲۹۸ سی تعزیرات پاکستان کے تحت مقدمہ نمبر ۲۰۰۸/۱۶۸ درج کرنے پر مجلس احرار اسلام، تحریک تحفظ ختم نبوت اور دیگر جماعتوں نے اطمینان کا اظہار کیا ہے۔ مختلف رہنماؤں نے الزام عائد کیا ہے کہ قادیانی علاقے کے امن کو تباہ کرنا چاہتے ہیں۔ ایس ایچ او تھانہ صدر چیچہ وطنی نے مقدمہ درج کر کے قانون کے تقاضے پورے کیے ہیں۔ علاوہ ازیں مجلس احرار اسلام کے رہنماؤں نے مطالبہ کیا ہے کہ چک نمبر ۵۸/۳ تھانہ صدر کمالیہ (ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ) میں قادیانیوں کی غیر قانونی تبلیغی وارتدادی سرگرمیوں اور مساجد کی شکل پر تعمیر شدہ قادیانی عبادت گاہیں حتیٰ کہ ایک عبادت گاہ میں اسپیکر پر اذان دینے جیسی سرگرمیوں کا فوری نوٹس لیا جائے اور قانون کے تقاضے پورے کیے جائیں۔



© rasailojaraid.com